www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



# فہرست مضامین


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | فکر و نظر ........ | | ۳ |
| ۲۔ | مدینہ منورہ (نظم) | جناب عبدالرحمٰن عاجز | ۱۰ |
| ۳۔ | قربانی کی شرعی حیثیت اور منکرین سنت کا موقف | حافظ محمد ابراہیم کمیرپوری | ۱۱ |
| ۴۔ | پیدائش بتکدہ میں فطرت بت شکن | مولانا عزیز زبیدی | ۲۵ |
| ۵۔ | حضرت مولانا حافظ عبدالرحیم صاحب کلاچی والے | قاری فیوض الرحمٰن ایم اے | ۳۳ |
| ۶۔ | تعارف و تبصرہ کتب | جناب ابو شاہد | ۳۸ |


## اشاعت میں تاخیر!

شمارہ ہذا کے لیے ہمارے قارئین کو انتظار کی بہت زیادہ زحمت اٹھانی پڑی جس کا ہمیں افسوس ہے۔ تاخیر کی ناگزیر وجوہات میں سب سے اہم تو کاغذ کی ہوشربا گرانی بلکہ نایابی تھی جیسا کہ قارئین روزناموں میں بھی ناشرین اور طباعت کی صنعت سے متعلقین کا "واویلا" پڑھ چکے ہوں گے۔ اخباری کاغذ پر تو پہلے ہی کنٹرول ہے اور اب سفید کاغذ کی قلت کا ان جرائد پر شدید اثر ہوا ہے جو مستقل سفید کاغذ پر چھپتے ہیں۔ کئی رسالوں نے مجبور ہو کر مختلف قسم کے کاغذ استعمال کیے لیکن ہماری طبیعت پر یہ بات گراں گزرتی تھی جبکہ ریٹ گھٹیا کاغذ کے بھی تقریباً وہی تھے —— اور پھر ہم تو یہ شمارہ (جلد کا آخری شمارہ ہونے کی حیثیت سے) خاص نمبر کی صورت میں شائع کرنے کا پروگرام بنائے بیٹھے تھے۔ لیکن گرانی کے سبب سے یہ اشاعت ملتوی کرنا پڑی۔ اب بھی ہمیں کاغذ بڑی مشکل سے ۱۰۴ روپے فی رم کے حساب سے دستیاب ہوا ہے اور ہم نے یہ کڑوا گھونٹ بھی جام شیریں سمجھ کر پی لیا ہے۔

اس تاخیر کی آئندہ اشاعتوں پر اثر اندازی سے بچنے کے لیے، ہم نے اس شمارہ پر جہاں عیسوی سال کے حساب سے محدث کی جلد ختم کی ہے، وہاں ذوالحجہ کو بھی ساتھ شامل کر کے ہجری سال بھی ختم شمار کر لیا ہے۔ آئندہ جلد (۳) محرم الحرام ۱۳۹۲ھ سے شروع ہوگی —— (ان شاء اللہ)

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ